اسلامیات لازمی	دہم، لاہور بورڈ، 2022ء	پہلا گروپ
وقت: 1.45 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 40

(حصہ اوّل)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) سورۃ الاحزاب میں منہ بولے بیٹوں کے بارے میں دی گئی دو ہدایات لکھیے۔

(ii) سورۃ الاحزاب کی روشنی میں منافقین کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

(iii) سورۃ الاحزاب کے مطابق امہات المومنینؓ اور دیگر عورتوں کے رتبے میں کیا فرق ہے؟

(iv) سورۃ الاحزاب میں رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے نکاح کے کیا خصوصی ضوابط بیان کیے گئے ہیں؟

(v) سورۃ الاحزاب میں قیامت کے متعلق کیا فرمایا گیا ہے؟

(vi) سورۃ الاحزاب کے مطابق اللہ تعالیٰ نے بارِ امانت کن پر پیش کیا؟

(vii) سورۃ الاحزاب کی وجہ تسمیہ بیان کیجیے۔

(viii) سورۃ الممتحنہ کے مطابق مومنوں پر غلبہ پا لینے کے بعد کفار کا سلوک کیا ہوتا ہے؟

(ix) اللہ تعالیٰ نے کن کفار سے بھلائی کرنے سے منع کیا ہے؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) اللہ تعالیٰ روزانہ مسلمان کے ایمان کا کس طرح امتحان لیتا ہے؟

(ii) آپ کیسے ثابت کرتے ہیں کہ روزہ مشقت والی عبادت ہے؟

(iii) حج کن لوگوں پر فرض ہے؟

(iv) وضو کرنے کے کوئی سے چار فوائد لکھیے۔

(v) آپ اللہ تعالیٰ کا شکر کن دو طریقوں سے کر سکتے ہیں؟

(vi) والدین کے کوئی چار فرائض لکھیے۔

(vii) آپ ہجرت کے ذریعے کون سے دو دنیاوی فوائد حاصل کر سکتے ہیں؟

(viii) جہادِ اکبر کی وضاحت کیجیے۔

(ix) عورتوں کے معاملات میں آپ کو کیسا رویہ اختیار کرنا چاہیے؟

حصہ دوم

-4 درج ذیل آیات قرآنی میں سے کسی دو کا ترجمہ کیجیے: 4,4

الف) إِذْ جَاءُوكُم مِّن فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنكُمْ وَإِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّونَ بِاللَّهِ الظُّنُونَا

ب) يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاءِ إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي قَلْبِهِ مَرَضٌ وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوفًا

ج) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

-5 درج ذیل حدیث کا ترجمہ اور مختصر تشریح کیجیے۔

مَنْ تَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اتَّخَذَ جِسْرًا اِلٰى جَهَنَّمَ۔

-6 شکر کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیے۔ شکر ادا کرنے کے لیے آپ کون سے اعمال کریں گے۔

ہجرت کا ایک مسلمان کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟ کوئی پانچ فائدے بیان کیجیے۔

www.ilmkidunya.com